وزیر اعظم نے برطانیہ کے وزیر اعظم سے بات کی

12 مارچ، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج برطانیہ کے وزیر اعظم عزت مآب جناب رشی سُنک سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے باہمی جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو تقویت بخشنے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے لائحہ عمل 2030 کے تحت تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، سیکورٹی، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی اور دیگر سمیت مختلف شعبوں میں ہونے والی پیش رفت پر طمانیت کا اظہار کیا۔

انہوں نے باہمی طور پر فائدہ مند آزاد تجارتی معاہدے کی جلد تکمیل کی طرف پیش رفت کا مثبت طور پر جائزہ لیا۔

دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی والے شعبوں اور عالمی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

دونوں رہنماؤں نے ربط میں رہنے پر اتفاق کیا اور آنے والے تیوہار ہولی کی ایک دوسرے کو مبارک باد دی

نئی دہلی
12 مارچ 2024